© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**جلسہ دستار بندی و تقریب ختم بخاری شریف:** مورخہ ۲۵ ستمبر ۲۰۰۳ء کو طے شدہ پروگرام کے مطابق دارالعلوم حقانیہ میں تقریب ختم بخاری شریف اور جلسہ دستار بندی کا انعقاد ہوا۔ حسب روایت اس سال بھی اسی مبارک تقریب میں ہزاروں افراد نے شرکت کی بلکہ ایک محتاط اندازے کے مطابق حاضرین کی تعداد ایک لاکھ سے متجاوز ہوگئی تھی۔ اس موقع پر ۶۰۰ سے زائد فضلاء اور حفاظ کرام کی دستار بندی ہوئی۔ اس دفعہ سیکورٹی کا انتظام دارالعلوم کے طلباء نے خود سنبھال رکھا تھا اور انہوں نے اپنی ڈیوٹی انتہائی احسن طریقے سے انجام دی۔ نماز ظہر کے بعد باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا سب سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر سیر حاصل خطاب فرماتے ہوئے فضلاء کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ اس کے علاوہ دارالعلوم کے استاد حدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ اور جامعہ اسلامیہ راولپنڈی صدر کے مہتمم جید عالم دین مولانا قاری سعید الرحمان صاحب مدظلہ نے بھی خطاب کیا۔ دارالعلوم کے نائب مہتمم استاذ حدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ نے حاضرین اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ اس مبارک تقریب میں ملک کی اہم شخصیات ممبران قومی وصوبائی اسمبلی اور سینٹرز حضرات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جس میں مولانا قاضی حمید اللہ صاحب ایم این اے' مولانا محمد صادق صاحب ایم این اے' مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب ایم این اے' مولانا مفتی ابرار سلطان صاحب ایم این اے' بلوچستان کے سینٹر آغا محمد صاحب' اور دیگر کئی اہم علمی اور سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں ملک کے دیگر بڑے بڑے شہروں کراچی' لاہور' ملتان' بلوچستان سے بھی جید علماء تشریف لائے تھے۔ بین الاقوامی سطح پر کوریج دینے کے لئے عالم عرب کے مشہور ٹی وی چینل الجزیرہ اور دیگر ٹی وی چینلو کے نمائندے آئے تھے۔ جنہوں نے اس تمام جلسہ کی رپورٹنگ کی اور پھر ٹی وی پر اس کو نمایاں انداز میں پیش کیا۔

**دارالعلوم کے سالانہ امتحانات** مورخہ ۲۰ ستمبر ۲۰۰۳ء کو دارالعلوم کے زیر اہتمام تمام درجات کے سالانہ امتحانات ہوئے۔ یہ امتحانات ۲۰ ستمبر سے لے کر ۲۴ ستمبر تک جاری رہے۔ جس میں طلبہ نے انتہائی نظم و نسق کا مظاہرہ کیا اور اساتذہ کرام کی ہدایات کے مطابق بھرپور محنت کی۔ اسکے بعد وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر انتظام امتحانات مورخہ ۲۷ ستمبر ۲۰۰۳ کو شروع ہوئے جو کہ ایک ہفتہ تک جاری رہنے کے بعد بخیر وخوبی اختتام پذیر ہوئے۔ ایام تعطیل میں حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ دورہ تفسیر اور مولانا مفتی سیف اللہ حقانی صاحب مدظلہ دورہ میراث پڑھا رہے ہیں۔

© rasailojaraid.com